# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu News Bulletin**
**Dated : 24 September 2026**
**Time : 12:30 / PM**

---

## آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
دوپہر کے 12 بجکر 30 منٹ ہوئے ہیں۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر۔

## وزارت خزانہ

وزارتِ خزانہ نے کہا ہے کہ صارفین کی سہولت کیلئے ملک کے تمام سرکاری بینک اور علاقائی دیہی بینک 27 ستمبر یعنی بروز اتوار کو معمول کے مطابق کھلے رہیں گے۔ وزارت کے مطابق یہ فیصلہ یونائیٹڈ فورم آف بینک یونینز کی جانب سے 28 سے 30 ستمبر تک مجوزہ ملک گیر بینک ہڑتال کے پیشِ نظر کیا گیا ہے۔ ریزرو بینک آف انڈیا نے بھی تمام بینک شاخوں، دفاتر، اے ٹی ایم سے منسلک شاخوں اور Currency Chests کو اتوار کے روز مکمل طور پر فعال رکھنے کی منظوری دے دی ہے۔

## سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ صحت مند معاشرے کیلئے صرف اسپتال اور ادویات کافی نہیں بلکہ عوامی بیداری، احتیاطی تدابیر، صحت مند طرزِ زندگی اور قدرتی وسائل کا ذمہ دارانہ استعمال بھی ضروری ہے۔ جموں و کشمیر میں گیارہویں آیورویدا دن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آیورویدا بھارت کے روایتی علم کا اہم حصہ ہے اور صحت اور فلاح و بہبود میں اس کی اہمیت مزید بڑھ رہی ہے۔ وزیر موصوفہ نے جموں و کشمیر میں آیوش خدمات کو مزید مستحکم کرنے، تحقیقی سرگرمیوں کو فروغ دینے اور آیورویدا و جدید طب کے درمیان تعاون بڑھانے پر زور دیا۔

## DLSA

ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی سرینگر کی طرف سے چیک سنگری، کھنموہ میں NALSA سمواد اسکیم 2025 اور انسانی و جنگلی حیات کے تنازعے سے متاثرین کو انصاف تک رسائی سے متعلق اسکیم پر بیداری پروگرام منعقد کیا گیا۔ پروگرام کا مقصد قبائلی اور پسماندہ طبقات کو مفت قانونی امداد، قانونی حقوق اور انصاف تک رسائی کے بارے میں آگاہ کرنا تھا۔اس موقعے پر موجود اعلیٰ عہدیداروں نے شرکاء کو اسکیم کے فوائد کے بارے میں مفصل جانکاری فراہم کی۔

## عرس

وادی بھر میں آج پیر پیران حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کا سالانہ عرس مبارک تزک واحتشام اور عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔اس سلسلے میں سب سے بڑی تقریب ان کے آستان عالیہ واقع خانیار سرینگر میں جاری ہے جہاں رات بھر وادی کے اطراف واکناف سے آئے ہوئے عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد نے شب بیداری کر کے ختمات المعظمات اور نعت و مناجات کی روح پرور مجالس میں شرکت کی۔

------V/O-------

آستان عالیہ پر آج دن بھر نماز پنجگانہ کے بعد موئے شریف کی زیارت کرائی جارہی ہے۔اسی طرح کی تقریبات درگاہ غوثیہ سرائے بالا اور راہباب صاحب عالی کدل میں بھی منعقد ہورہی ہیں۔

## DC اننت ناگ

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں عملائی جارہی RRP & MAH اسکیموں کے تحت جاری منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔میٹنگ میں بتایا گیا کہ تیسرے مرحلے کے تحت ضلعے کے اہم مذہبی مقامات پر 40 منصوبوں پر کام جاری ہے، جن میں عیشمقام، مٹن، تھاجی وارہ بجبہاڑہ، کھیرم اور ناگ دندی اچھہ بل شامل ہیں۔اس موقعے پر ترقیاتی کمشنر نے افسران کو باہمی تال میل کے ساتھ پروجیکٹوں میں حائل رکاوٹیں دور کرنے کے ساتھ ساتھ منصوبوں کی بروقت تکمیل، معیار برقرار رکھنے اور وسائل کے مؤثر استعمال کی ہدایات دیں۔

## OIC

بھارت نے جموں وکشمیر کے بارے میں اسلامی تعاون تنظیم OIC کے رابطہ گروپ کے مشترکہ اعلامیہ میں جموں وکشمیر کے بارے میں بھارت کے خلاف کیئے گئے غیر ضروری اور حقائق کے منافی حوالوں کو مسترد کیا ہے۔وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ OIC کو ان معاملات پر اظہار خیال کرنے کا کوئی اختیار حاصل نہیں ہے جو مکمل طور پر ہندوستان کے داخلی امور سے متعلق ہے۔وزارت نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر اور لداخ کے مکمل مرکزی زیر انتظام علاقے بھارت کے اٹوٹ اور ناقابل تنسیخ حصے ہیں اور سیاسی مفادات پر مبنی پروپیگنڈے کو بار بار دہرانے سے یہ حقیقت تبدیل نہیں ہوسکتی۔

## پولیس

جموں وکشمیر پولیس نے دو الگ الگ کاروائیوں میں اننت ناگ میں 4 سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے منشیات کی کچھ مقدار برآمد کرلی ہے۔اسی طرح کی ایک کاروائی میں پولیس نے کولگام ضلع میں بھی ایک سمگلر کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے نشیلی اشیاء کی کچھ مقدار برآمد کرلی ہے۔اُدھر بارہ مولہ پولیس نے غیر قانونی سرگرمیوں کے روکتھام سے متعلق ایکٹ کے تحت ایک رہائشی مکان کو قرق کیا ہے۔یہ مکان نمبلن شیری بارہ مولہ کے علاقے میں اعجاز احمد گنائی نام کے ایک شخص کی ملکیت تھا۔جموں وکشمیر پولیس نے ٹنگمرگ علاقے میں سیاحوں سے اضافی کرایہ وصول کر کے انہیں ہراساں کرنے والے ڈرائیوروں کے خلاف کاروائی عمل میں لائی ہے۔اس سلسلے میں 6 گاڑیوں کو ضبط کر کے قصورواروں کے خلاف ایف آئی آر درج کی گئی ہے۔

## بارہ مولہ

بارہمولہ کے ہائر سکینڈری اسکول Daobgah میں انٹر ڈسٹرکٹ صوبائی سطح کی انڈر 19 گرلز کھو کھو چیمپئن شپ کل سے شروع ہوئی۔تین روزہ اس چمپیئن شپ میں کشمیر صوبے کے 9 اضلاع سے تعلق رکھنے والی 108 کھلاڑی حصہ لے رہی ہیں۔افتتاحی مقابلوں میں بارہمولہ نے بانڈی پورہ، کولگام نے کپواڑہ، بڈگام نے سری نگر اور پلوامہ نے گاندربل کو شکست دی۔اس موقع پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود وزارت شماریات کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر سید عادل ظہور نے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی

کرتے ہوئے نظم وضبط، عزم اور کھیلوں کے جذبے کے ساتھ مقابلہ کرنے پر زور دیا۔

## فٹبال

جموں وکشمیر اسپورٹس کونسل کی جانب سے سرینگر میں TRC سنتھیٹک فٹبال ٹرف پر سب جونیئر بوائز فٹبال کے یوٹی سطح کے ٹرائلز منعقد کیے گئے۔ٹرائلز کا مقصد نیشنل فٹبال چیمپئن شپ 2026 کیلئے جموں وکشمیر کی ٹیم کا انتخاب کرنا ہے۔اس ٹرائل میں یوٹی کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے نوجوان کھلاڑیوں نے شرکت کی۔اس موقع پر اسپورٹس کونسل کی سیکریٹری تزئین مختار کا وو سہ بھی موجود تھیں۔

## Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

اجازت دیجئے۔خدا حافظ۔